Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

# (For all sessions)

## اُردو لازمی (انشائی) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصّہ غزل سے) 10

(حصّہ نظم)

i. تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

ii. یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا مکاں میں بھی تُو ، لا مکاں میں بھی تُو ہے

iii. پڑتے ہیں پانی ہرجا جل تھل بنا رہے ہیں گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv. ملّت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ پیوستہ رہ شجر سے، اُمید بہار رکھ

(حصّہ غزل)

i. کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

ii. دِلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

iii. عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دِن دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) بعض اوقات بظاہر سوئی ہوئی بلّی اِدھر اُدھر دیکھ کر چپکے سے باہر نکل جاتی ہے۔ اُس سے باز پُرس کی جائے تو خفا ہو جاتی ہے۔ بلّی کی جگہ کوئی بھی ہو خفا ہو جائے گا۔ ایک ہی گھر میں سالہا سال گزارنے کے باوجود انسان اور بلّی اجنبی رہتے ہیں۔ زندگی کتنی عجیب ہے۔

(ب) ابو جہل نے کہا ہر قبیلے سے ایک شخص انتخاب ہو اور پورا مجمع ایک ساتھ مل کر تلواروں سے ان کا خاتمہ کر دے۔ اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہو گیا۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

i. سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟
ii. الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟
iii. تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟
iv. کو اگر امر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟
v. دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟
vi. کس کا حق سب سے مقدم ہے؟
vii. امید بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟
viii. درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i.) پنچایت (ii.) لہو اور قالین 05

6. کتاب میں دی گئی نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7. اپنی بہن کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ یا پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاکیے کی شکایت کیجیے۔ 10

8. " گیدڑ کی مکّاری " کے موضوع پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا تاریخ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

i. تم نے حج کرنا ہے۔ ii. بلال نے لاہور جانا ہے۔ iii. لڑکوں نے کرکٹ کو کھیلا۔ iv. کمر کو باندھے ہُوئے سب یار بیٹھے ہیں۔ v. اسلم نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال، محاورات کی تکمیل کیجیے۔

i. باسی کڑھی میں۔۔۔ ii. قاضی کے گھر کے۔۔۔ iii. طویلے کی بلا۔۔۔۔۔۔ iv. دل کو دل سے۔۔۔۔۔ v. آبرو خاک میں۔۔۔۔۔۔